فوری ریلیز کے لیے: 2026/5/6 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL اور سینیٹر SCHUMER نے بیٹری کی اگلی نسل میں جدت و اختراع کرنے والی کمپنی BAE SYSTEMS کی جانب سے جنوبی سلسلہ میں $65 ملین کی توسیع کی تکمیل کی خوشخبری سنا دی

BAE Systems نے اینڈیکاٹ گاؤں کے مقام پر اچھے معاوضوں والی 130 سے زائد نئی ملازمتیں تخلیق کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے

ریاست نیو یارک کی جانب سے مسلسل سرمایہ کاریوں کے ذریعے جنوبی سلسلے کے خطے میں صاف توانائی پر مبنی حلوں پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے کمیونٹیز کے احیائے نو اور معیشت کے فروغ کی جامع حکمت عملی کی مدد و معاونت ہو رہی ہے

BAE Systems کے آپریشنز کی ویڈیو یہاں، اور تصاویر یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج جنوبی سلسلہ میں BAE Systems کے توسیعی منصوبے کے پہلے مرحلے کی تکمیل کی خوشخبری سنائی۔ یہ کمپنی بروم کاؤنٹی کے اینڈیکاٹ گاؤں میں اپنے آپریشنز کو وسعت دینے کے لیے $65 ملین کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ کمپنی نے اپنی موجودہ سائٹ میں مجموعی طور پر 150,000 مربع فٹ کا اضافہ کر کے بیٹریاں تیار کرنے کی نئی لائن، انجینئرنگ لیبارٹری، اور نئے دفتر کے لیے جگہ بنائی ہے۔ اس توسیع کے نتیجے میں، کمپنی نے اس مقام پر 134 تک اچھے معاوضوں والی ملازمتیں تخلیق کرنے کا عزم کیا ہے۔ BAE Systems ایک عالمی دفاعی، ایرواسپیس اور سیکیورٹی کمپنی ہے اور پوری دنیا میں اس کمپنی کے تقریباً 93,500 ملازمین کام کر رہے ہیں۔ اینڈیکاٹ میں واقع BAE Systems کی سہولتگاہ میں فلائٹ اور انجن کنٹرولز سے لے کر پاور اور انرجی مینجمنٹ سسٹم تک حفاظتی نکتہ نگاہ سے اہمیت رکھنے والے الیکٹرانک سسٹمز کا ایک وسیع پورٹ فولیو ڈیزائن، ڈویلپ، اور تیار کیا جاتا ہے جو تجارتی اور افواج کی ہوائی اور زمینی ایپلیکیشنز دونوں کے لیے موزوں ہیں اور جن میں فلائٹ کنٹرولز، انجن کنٹرولز، مشن سسٹمز، اور پاور اور پروپلشن کے حل سبھی شامل ہیں۔ یہ کمپنی 2011 سے ہیورون کیمپس سائٹ پر فعال طور پر کام کر رہی ہے۔

"BAE Systems کی جانب سے اپنے کاروبار کو مزید وسعت دینے کے فیصلے سے ریاست نیو یارک اور جنوبی سلسلے کے لیے ایک اور جیت کی عکاسی ہو رہی ہے، جس کی مکمل توجہ بیٹریوں کی جدت کاری کی اگلی نسل کی کاوشوں کے لیے ایک عالمی مرکز بننے پر مرکوز ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، میں بالائی ریاست نیو یارک میں جابز واپس لانے کے لیے پُرعزم رہی ہوں۔ اس انتہائی کامیاب کمپنی نے یہاں اپنے آپریشنز کو وسعت دینے کا فیصلہ کیا جس کے نتیجے میں اس علاقے میں اعلیٰ معیار کی اور اچھے معاوضوں والی ملازمتوں کی تخلیق کو تحریک ملی ہے کیونکہ انہوں نے براہ راست اس امر کا مشاہدہ کیا ہے کہ نیو یارک کے لوگ کس قدر محنتی ہیں۔"

اس منصوبے میں BAE Systems کی بیٹری پروڈکشن لائن کو توسیع دی جا رہی ہے جس میں مشینری اور آلات کی خریداری اور تنصیب جیسے امور شامل ہیں، تاکہ برقی/ہائبرڈ برقی طیاروں اور زمینی گاڑیوں کے لیے توانائی ذخیرہ کرنے کا ایک نظام مؤثر طریقے سے تیار کیا جا سکے۔ جب تمام مراحل مکمل ہو جائیں گے، تو اس اپ ڈیٹ کردہ سہولت میں ایک خودکار جدید پروڈکشن لائن، ایک انجینئرنگ لیب، اور ایک آفٹر مارکیٹ سینٹر شامل ہو جائے گا۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) ملازمتیں پیدا کرنے کے وعدوں کے بدلے میں کارکردگی پر مبنی ایکسیلسیئر جابز ٹیکس کریڈٹ پروگرام (Excelsior Jobs Tax Credit Program) کے ذریعے اس منصوبے کی $8.5 ملین تک سے معاونت کر رہا ہے۔ بروم کاؤنٹی کی جانب سے بھی اس پروجیکٹ کے لیے معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔

BAE Systems کے کنٹرولز اینڈ ایویونکس سلوشنز کے نائب صدر اور جنرل منیجر Jack Stevens (جیک سٹیونز) نے کہا، "اس سہولت کی توسیع سے جنوبی سلسلہ کے لیے ہمارے عزم مصمم کو تقویت ملی ہے، اور بیٹری کی صنعت میں جدت طرازی کا علاقائی مرکز بنانے کے ریاست نیو یارک کے وژن کو بھی مزید مہمیز ملی ہے۔ اس سرمایہ کاری کے ساتھ، ہم اپنی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنائیں گے تاکہ ہائبرڈ/برقی طیاروں کی اگلی نسل کی ابھرتی ہوئی ضروریات پوری کی جا سکیں۔"

بیٹری کی اگلی نسل میں جدت و اختراع کو تقویت دینا
گورنر Hochul (ہوکل) اور امریکی سینیٹ کے اقلیتی رہنما Chuck Schumer (چک شومر) نے کمپنی کے اس فیصلے میں کلیدی کردار ادا کیا تھا اور انہوں نے کمپنی کے حکام کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے یہ امر یقینی بنایا تھا کہ یہ منصوبہ نیو یارک کے جنوبی سلسلے کے اس خطے میں آگے بڑھے ترقی آئے گی جس کی مکمل توجہ اگلی نسل کی توانائی کی کوششوں کی مدد و معاونت پر مرکوز ہے — اور یہی گورنر اور سینیٹر کی اوّلین ترجیح ہے۔

جنوری 2024 میں، گورنر اور سینیٹر نے اعلان کیا تھا کہ امریکی نیشنل سائنس فاؤنڈیشن نے نیو انرجی نیو یارک (New Energy New York, NENY) اسٹوریج انجن کو علاقائی انوویشن انجن (NSF Engine) کے طور پر نامزد کیا ہے، جو سینیٹر کے دو فریقی چپس اور سائنس قانون (CHIPS & Science Law) کے ذریعے تخلیق کیا گیا تھا۔ جنوبی سلسلہ خطے کی بنگھیمٹن یونیورسٹی (Binghamton University) میں واقع NENY Storage Engine کو دو سالوں کے لیے وفاقی فنڈنگ کی مد میں $15 ملین تک اور 10 سالوں کے دوران $160 ملین تک کی رقم ملے گی تاکہ ایک ایسا مرکز قائم کیا جا سکے جو اختراع، ٹیکنالوجی ٹرانسلیشن اور ہنر مند افرادی قوت کی تخلیق میں تیزی لا کر بیٹری کی مقامی صنعت کی صلاحیت و استعداد میں اضافہ کر سکے۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے توسط سے ریاست نیویارک اس پروجیکٹ کے پہلے پانچ سالوں کے لیے 20 فیصد تک مماثل رقوم فراہم کرے گی اور ساتھ ہی پہلے سے قائم شدہ پروگراموں کے ذریعے مدد و معاونت بھی مہیا کرے گی۔ NENY Storage Engine کو اس کے متنوع، کراس سیکٹر اتحاد کی بناء پر منتخب کیا گیا تھا جو کہ امریکہ کی قومی سلامتی اور عالمی مسابقت کی مدد و معاونت کے لیے بیٹری ٹیکنالوجی کی جدت، افرادی قوت کی ترقی اور مینوفیکچرنگ کو مہمیز دینے والا ایک سرکردہ ایکو سسٹم تعمیر کرے گا۔

امریکی سینیٹر Chuck Schumer (چک شومر) نے کہا، "چونکہ ہم BAE Systems کی جانب سے امریکہ کی بیٹری بیلٹ میں ایک اور لوپ شامل کرنے کی خوشی منا رہے ہیں، تو ایسے میں BAE Systems سسٹمز کی آج کی یہ شاندار توسیع جنوبی سلسلہ کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ اس $65 ملین کی سرمایہ کاری اور 130 ملازمتوں کے اضافے سے ایک نئی بیٹری پروڈکشن لائن، تحقیقی لیبارٹری، اور دفتری جگہ کو زندگی مل جائے گی۔ BAE Systems کے پاس ایسے بہترین الیکٹرانک سسٹمز بنانے والی عالمی معیار کی افرادی قوت ہے جو ملک میں کہیں بھی بنائے جانے والے سسٹمز سے زیادہ بہتر ہوتے ہیں۔ یہ نئی پیداواری لائن بیٹری کی سپلائی چین کو بیرون ملک سے واپس لانے میں مدد دے گی، اور بیٹری سازی میں جنوبی سلسلے کی قیادت کو مزید مہمیز دیتے ہوئے بالائی ریاست نیو یارک میں بیٹری کی صنعت کے مستقبل کی تعمیر کرے گی۔ میں نے بالائی ریاست نیو یارک میں بیٹری کی صنعت کی ترقی کے لیے کئی ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کے حصول کے لیے جدوجہد کی ہے، اور میں اپنی جدوجہد جاری رکھوں گا تاکہ بیٹری ٹیکنالوجی میں آئندہ ہونے والی ایجادات و اختراعات بھی یہیں بالائی ریاست نیو یارک میں ہونا یقینی بنے۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "اگلی نسل کی صاف توانائی کی کمپنیوں کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے فراہم کیے جانے والے اسٹریٹجک تعاون کے نتیجے میں پوری ریاست نیو یارک میں اس متحرک صنعت کی موجودگی میں مسلسل وسعت آ رہی ہے۔ BAE

Systems کی جنوبی سلسلے میں توسیع سے نئی ملازمتیں اور ایسے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں جن کے نتیجے میں بیٹری ٹیکنالوجی کی جدت و اختراع کے معاملے میں اس خطے کے قائدانہ کردار کو مزید مہمیز مل رہی ہے۔"

ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا
ریاست نیو یارک کا ماحولیاتی ایجنڈا صاف توانائی والی معیشت کی جانب ایک حسب استطاعت اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کرتا ہے جو خاندانوں کو سہارا دینے والی ملازمتیں پیدا کرے، سبز سرمایہ کاریوں کے ذریعے اقتصادی ترقی کو فروغ دے، اور کم از کم 35 فیصد فوائد پسماندہ کمیونٹیز کی طرف مرکوز کرے۔ نیو یارک کی جانب سے سنہ 2050 تک اخراجوں سے پاک معیشت حاصل کرنے کے لیے توانائی، عمارات، نقل و حمل، اور کچرے کے شعبوں میں متعدد اقدامات میں پیش رفت کی جا رہی ہے۔

ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیق و ترقی کی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority) کی صدر اور CEO Doreen M. Harris (ڈورین ایم حارث) نے کہا، " BAE Systems کی جنوبی سلسلے میں توسیع سے یہ عمل مظاہرہ ہو رہا ہے کہ گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے جدید بیٹری ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاریاں مقامی سپلائی چین کو قوت دے رہی ہیں، ملازمتیں پیدا کر رہی ہیں، اور اقتصادی ترقی کو فروغ دے رہی ہیں۔ یہ سنگ میل جدت و اختراع کے معاملے میں نیو یارک کی قیادت کو بھی مضبوط کر رہا ہے اور توانائی ذخیرہ کرنے کی تحقیق و ترقی اور اسے تجارتی بنانے میں NYSERDA کی جانب سے مسلسل جاری مدد و معاونت کو بھی مزید مہمیز دے رہا ہے۔"

ریاستی سینیٹر Lea Webb (لی ویب) نے کہا، "جنوبی سلسلہ اگلی نسل کی توانائی کی کوششوں اور بیٹری کی جدت و اختراع میں قوم کی قیادت کرنے کے لیے تیار ہے۔ یہ منصوبہ بیٹریاں بنانے کی صنعت کو بھی مزید فروغ دے گا اور اینڈیکاٹ میں سائٹ پر 134 تک اچھے معاوضوں والی ملازمتیں بھی تخلیق کرے گا۔ میں BAE Systems کی یہاں بروم کاؤنٹی میں جدت و اختراع اور ملازمتوں کی تخلیق کے ساتھ دلی وابستگی کی معترف ہوں۔"

رکن اسمبلی Donna Lupardo (ڈونا لوپارڈو) نے کہا، "BAE کی جانب سے یہ حالیہ توسیع بیٹری کی جدت و اختراع اور مینوفیکچرنگ کے ہمارے اس ترقی کرتے ہوئے مرکز میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔ ان کی بیٹریوں کی نئی پیداواری لائن جو الیکٹرک/ہائبرڈ بسوں اور ہوائی جہازوں کی بیٹریوں کی ڈویلپمنٹ کے لیے آلات سے لیس ہے، اس سے صاف توانائی کی ٹیکنالوجی اور افرادی قوت کی ترقی میں ہماری کمیونٹی کی قائدانہ حیثیت مزید مضبوط و مستحکم ہو رہی ہے۔ جنوبی سلسلے میں مسلسل سرمایہ کاری کرنے کے لیے BAE کا شکریہ، اور اس اہم کام کی مسلسل مدد و حمایت کرنے کے لیے ہمارے تمام سرکاری شراکت داروں کا بھی شکریہ۔"

بروم کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Jason Garnar (جیسن گارنر) نے کہا، "جب بھی BAE Systems جیسی کوئی کمپنی یہاں بروم کاؤنٹی میں اپنی جڑیں مزید گہری اور مضبوط کرتی ہے، تو یہ ایسی بات ہے جس پر فخر کیا جانا چاہیے۔ اس قسم کی سرمایہ کاری کا مطلب ہے ہمارے کمیونٹی کے لیے اچھے معاوضوں والی مزید ملازمتیں، اور اس سے بیٹری ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کی اگلی نسل کے نقشے پر بروم کاؤنٹی ایک ایسی جگہ کے طور پر برقرار رکھی جا رہی ہے جہاں یہ صنعت واقعی اپنی شکل و صورت اختیار کر رہی ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور سینیٹر Schumer (شومر) کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے یہ امر یقینی بنانے میں مدد کی کہ اس طرح کے مواقع ہمارے راستے میں آتے رہیں۔"

اینڈیکاٹ گاؤں کے میئر Nick Burlingame (نِک برلنگیم) نے کہا، "BAE Systems کی جانب سے اینڈیکاٹ گاؤں میں مسلسل سرمایہ کاری ہماری کمیونٹی کی قوت اور مستقبل کا ایک طاقتور اثبات ہے۔ یہ توسیع نہ صرف ہمارے رہائشیوں کے لیے 130 سے زائد اچھی تنخواہوں والی ملازمتیں لا رہی ہے، بلکہ اس سے اگلی نسل کی توانائی کی جدت و اختراع میں رہنما کے طور پر اینڈیکاٹ کا کردار بھی مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ ہمیں BAE Systems کے ساتھ اپنی شراکت داری پر فخر ہے اور ہم پورے جنوبی سلسلے میں اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں مدد و معاونت کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) اور سینیٹر Schumer (شومر) کے بھی شکر گزار ہیں۔ یہ منصوبہ آگے کی جانب نگاہ رکھنے والی ترقی کی عکاسی کر رہا ہے جو ہمارے تاریخ کا بھی ادب و احترام کرتی ہے اور ساتھ ہی آنے والی نسلوں کے لیے ایک مضبوط اور پائیدار مستقبل کی تعمیر بھی کر رہی ہے۔"

BAE Systems کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
https://jobs.baesystems.com/global/en/-

جنوبی سلسلے کی ترقی کی رفتار مزید تیز کرنا
آج کا اعلان "سدرن ٹیئر سورنگ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط اقتصادی نمو اور علاقائی ترقی کے لیے خطے کی جامع حکمتِ عملی ہے۔ علاقائی طرز کو مد نظر رکھ کر ڈیزائن کیا گیا یہ منصوبہ باصلاحیت افرادی قوت کو راغب کرنے، کاروبار کو ترقی دینے، اور آئندہ دور کی جدت طرازی پر مرکوز ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں معلومات
امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اقتصادی ترقی کے شعبے میں نیو یارک کی اہم ترین ایجنسی ہے اور پوری ریاست میں کاروبار کی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، اور زیادہ سے زیادہ اقتصادی مواقع کو فروغ دیتی ہے۔ ریاست کے 10 علاقوں میں سے ہر ایک میں اپنے دفاتر کے ساتھ، ESD وہاں کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کاؤنسلز کی نگرانی کرتی ہے، اپنے ConnectALL آفس کے ذریعے براڈ بینڈ مساوات کو سپورٹ کرتا ہے، اور آفس آف اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ (Office of Strategic Workforce Development) کے ذریعے مستقبل کی افرادی قوت کو بڑھا رہی ہے۔ یہ ایجنسی ابھرتی ہوئی اور اگلی نسل کی صنعتوں مثلاً ریاست نیو یارک میں ترقی کے خواہاں کلین انرجی اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے ساتھ مشغول و مصروف رہتی ہے، چھوٹے کاروباروں کو بڑھنے اور کامیاب ہونے میں مدد کے لیے امدادی مراکز کا ایک محیط نیٹ ورک چلاتی ہے، اور I LOVE NY کے ذریعے ریاست کے عالمی معیار کے سیاحتی مقامات کو فروغ دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم esd.ny.gov ملاحظہ کریں، اور ESD کے ساتھ LinkedIn، Facebook اور X پر جو پہلے Twitter کہلاتا تھا رابطے میں رہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں